© rasailojaraid.com



"سلوک و احسان" کا حسین مرقع ہیں۔ مضامین کے انتخاب میں داعیین امت اور مصلحین ملت کے افادات اور مضامین کو ترجیح دی جاتی ہے۔ متقدمین حضرات میں شیخ شرف الدین احمد، علامہ عبدالرحمٰن جوزی۔ مخدوم سید علی ہجویری۔ مجدد الف ثانی سرہندی۔ اور متاخرین میں شیخ الحدیث مولانا محمد زکریاؒ۔ مولانا حسین احمد مدنی۔ مولانا سید ابوالحسن علی ندوی۔ علامہ سید سلیمان ندوی، حکیم الامت مولانا اشرف علی تھانویؒ جیسے سرآمد روزگار شخصیتوں کے مضامین اور وقیع تحریروں سے یہ حسین گلدستہ مرتب کیا جاتا ہے۔

ارباب ذوق، علمی اور ادبی حلقے اور تبلیغی احباب یقیناً اس ماہ نامہ کی قدر کریں گے۔ اور اپنے اپنے حلقوں میں اس کے تعارف و اشاعت میں بھرپور کردار ادا کریں گے۔

| علم حدیث اور پاکستان میں اس کی خدمت | تالیف۔ محمد سعید صدیقی۔ صفحات ۲۷۵۔ قیمت سو روپے۔ ناشر۔ شعبہ تحقیق قائد اعظم لائبریری۔ باغ جناح لاہور |
|---|---|

"علم حدیث" ایک وسیع، ہمہ پہلو حاوی اور جامع علم ہے۔ اس کی مختلف جہات میں ہر ہر دور میں علماء اسلام کام کرتے آئے ہیں۔ مولانا محمد سعید صدیقی کی یہ کاوش بھی اسی سلسلہ زریں کی ایک کڑی ہے۔ کتاب میں چھ ابواب میں گفتگو کی گئی ہے۔ تاہم ابتدائی چار ابواب میں حدیث سے متعلق مباحث، حجیت حدیث، تاریخ حدیث۔ فنی مباحث، اصطلاحات اور متحدہ ہند علماء کی حدیثی خدمات کے تذکرہ سے کتاب کی اہمیت اور بھی بڑھ گئی ہے۔

مگر حیرت ہوئی تحقیق و جامعیت کے دعاوی کے باوجود محدث کبیر شیخ الحدیث مولانا عبدالحق نور اللہ مرقدہ اور مرکز علم دارالعلوم حقانیہ کے اکابر و اساتذہ، مشائخ حدیث اور علم حدیث میں ان کے گراں قدر امالی اور افادات اور شروحات کا تذکرہ چھوڑ دیا گیا ہے۔ حقائق السنن شرح اردو جامع السنن از افادات شیخ الحدیث مولانا عبدالحقؒ اور شیخ الحدیث مولانا مفتی محمد فرید مدظلہ کی عربی شرح ترمذی "منہاج السنن" اور شرح بخاری "بحر القاری" کے کئی ایڈیشن نکل چکے ہیں۔ مگر حیرت ہوئی کہ حضرت مولانا عبدالحقؒ کے تلامذہ در تلامذہ کا ذکر تو آ گیا مگر استاذ الکل اور عظیم محدث کے تذکرہ کو جگہ نہ مل سکی۔ سوء ظن ہرگز نہیں یقین ہے کہ سہواً یوں ہوا ہو گا امید ہے کہ آئندہ ایڈیشن میں کتاب کی جامعیت اور ریسرچ و تحقیق کے تمام تقاضوں کو ملحوظ رکھ کر اس قسم کی فروگذاشتوں کا ازالہ کر دیا جائے گا۔ ———— بہرحال مجموعی اعتبار سے کتاب نافع اور طلبہ حدیث کے لئے مفید ہے۔

| شیخ الہند مولانا محمود حسنؒ (ایک سیاسی مکالمہ) | تالیف۔ ڈاکٹر ابوسلمان۔ شاہ جہان پوری۔ صفحات ۱۶۸۔ قیمت ۴۵ روپے۔ ناشر۔ مجلس یادگار شیخ الاسلام۔ فاری منزل مرار اسٹریٹ پاکستان چوک کراچی ۱ |
|---|---|



© rasailojaraid.com